پروگرام
جلسہ سالانہ قادیان 2025ء
Programme
Jalsa Salana Qadian 2025

شائع کردہ: نظامت تربیت جلسہ سالانہ قادیان 2025ء
Published By : Nazamat Tarbiyyat, Jalsa Salana Qadian 2025

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں:

”اس جلسہ کو معمولی انسانی جلسوں کی طرح خیال نہ کریں یہ وہ امر ہے جس کی خالص تائید حق اور اعلائے کلمہ اسلام پر بنیاد ہے اس سلسلہ کی بنیادی اینٹ خدا تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے رکھی ہے۔“

(مجموعہ اشتہارات جلد اوّل صفحہ 341)

The Promised Messiah[as] says:

“It is re-emphasized that you must not rank this convention in the same league as other, ordinary, human assemblies. This is a phenomenon that is based purely for the support of truth and upholding the word of Islam. God, the Exalted, has laid its foundation-stone by his own hand.”

(Majmoo’ah Ishtiharat Vol. 1, P. 341)

پروگرام

جلسہ سالانہ قادیان 2025ء

Programme

Jalsa Salana Qadian 2025

شائع کردہ: نظامت تربیت جلسہ سالانہ قادیان 2025ء

Published By : Nazamat Tarbiyyat, Jalsa Salana Qadian 2025

Toll Free No. : 1800-103-2131

ضروری ہدایات برائے شاملین جلسہ سالانہ قادیان 2025ء

از دفتر جلسہ سالانہ

جلسہ سالانہ قادیان 2025ء میں شرکت کرنے والے جملہ مہمانان کرام کی خدمت میں خوش آمدید کا تحفہ پیش کیا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس روحانی مائدہ سے ہم سب کو مستفیض ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

درج ذیل ہدایات کو ملحوظ رکھنے کی گزارش کی جاتی ہے:-

1. قادیان پہنچتے ہی فوری طور پر اپنی رجسٹریشن کروالیں۔
2. ہر قسم کا قیمتی سامان نقدی اور زیورات، موبائل فون بجائے قیام گاہ میں رکھنے کے اپنے ساتھ رکھیں۔ اور خصوصاً غیر ملکی مہمانان کرام کرنسی تبدیل کرتے وقت احتیاط سے کام لیں۔ چوری اور نقصان کے خطرے سے چوکس رہیں۔
3. غیر ملکی احباب اپنے پاسپورٹ اور ضروری دستاویزات اور موبائل فون ہمیشہ اپنے ساتھ رکھیں۔
4. اپنا رجسٹریشن کارڈ ہمیشہ اپنی جیب میں رکھیں اور کسی بھی جگہ مطالبہ پر ضرور دکھائیں۔
5. اپنے قریبی پنڈال میں کھانا تناول فرمائیں تاکہ انتظامی لحاظ سے کوئی دقّت نہ ہو۔
6. اپنے ملنے والوں سے مہمان نواز کی معین کردہ جگہ پر ہی ملاقات کریں اور کسی اجنبی شخص کو قیام گاہ میں نہ لائیں۔
7. اگر افسر صاحب مہمان نواز آپ سے کسی قسم کی رضا کارانہ خدمت طلب فرمائیں تو ان سے تعاون فرمائیں۔
8. رات کے وقت بلا ضرورت اپنی قیام گاہ سے باہر نہ جائیں۔
9. کسی لاوارث گری پڑی چیز کو ہاتھ نہ لگائیں بلکہ متعلقہ منتظمین کو اطلاع دیں۔
10. اپنی قیام گاہ کو صاف ستھرا رکھیں۔ قیام گاہ میں لگے سامان کو احتیاط سے استعمال کریں۔
11. اپنے کم سن بچوں کے جیب میں اپنا ایڈریس لکھ کر مضبوطی سے باندھ دیں۔
12. بعد نماز مغرب وعشاء مستورات بازار میں اکیلی نہ جائیں، اپنے محرم مردوں کے ساتھ ہی جائیں اور رات 08:30 بجے تک شاپنگ سے فارغ ہو جائیں۔ جلسہ کے تین دن کے پہلے اور بعد میں دن کے اوقات میں سہولت سے شاپنگ کی جا سکتی ہے۔ اس ہدایت کی مہمانانِ کرام خاص طور پر پابندی کریں۔
13. جلسہ کی کاروائی ٹھیک 10 بجے شروع ہوگی۔ لہٰذا احباب ضروریات سے فارغ ہو کر 9:00 بجے تک جلسہ گاہ پہنچیں۔ چیکنگ میں بھی وقت لگتا ہے، چیکنگ پر متعین خدام سے بھرپور تعاون کریں۔
14. جلسہ گاہ میں آپسی گفتگو سے اجتناب کریں۔ تقاریر کو غور سے سنیں اور زیر لب درود شریف پڑھتے رہیں۔

حافظ مخدوم شریف

(افسر جلسہ سالانہ قادیان)

پہلا دن 26 دسمبر 2025ء بروز جمعہ...افتتاحی اِجلاس

Friday, 26th December 2025, 1st Day Inaugural Session

پرچم کشائی (لوائے احمدیت) Flag Hoisting (Liwa-e-Ahmadiyyat)	10:00 to10:10
تلاوت قرآن مجید مع اردو ترجمہ Recitation of the Holy Qur'an with Urdu Translation	10:10 to 10:25
Inaugural address and silent prayer افتتاحی خطاب ودُعا	10:25 to 10:45
Poem نظم	10:45 to 11:00
تقریر بعنوان:- زندہ خدا کا ثبوت غلبہ انبیاء کی روشنی میں محترم محمد حمید کوثر صاحب، ناظر دعوت الی اللہ مرکزیہ قادیان Address on "**Evidence of the Living God in the Triumphs of the Prophets.**" By: Muhammad Hameed Kausar Sahib, Nazir Da'wat Ilallah Markazia Qadian	11:00 to 11:30
تقریر بعنوان:- سیرت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم (مذہبی رواداری اور آزادی ضمیر کے حوالہ سے آنحضرت ﷺ کی تعلیمات واُسوہ) محترم محمد انعام غوری صاحب، ناظر اعلیٰ وامیر مقامی، قادیان Address on "**The Life of Muhammad (SAW) , the Teachings & Character of the Holy Prophet (SAW) on Religious Tolerance and Freedom of Conscience**" By: Muhammad Inaam Ghori Sahib Nazir Aala & Ameer-e-Muqami, Qadian	11:30 to 12:00
وقفہ برائے تیاری نماز جمعہ وعصر Interval for Preparation of Juma and Asr Prayers	12:00 to 01:00
نماز جمعہ وعصر بمقام جلسہ گاہ (پہلی اذان 1:00 بجے اور خطبہ جمعہ 1:30 بجے Juma and Asr Prayers at Jalsa Gah (1st Azan 1:00 pm and Khutba Juma 1:30 pm)	01:00 to 02:15

پہلا دن...دوسرا اجلاس

1st Day Second Session

تلاوت قرآن مجید مع اردو ترجمہ Recitation of the Holy Qur'an with Urdu Translation	02:15 to 02:30
Poem نظم	02:30 to 02:45
تقریر بعنوان :- سیرت حضرت مسیح موعودؑ (عشق الٰہی کی روشنی میں) محترم حافظ مخدوم شریف صاحب، ایڈیشنل ناظر اعلیٰ، جنوبی ہند Address on "**The Life of the Promised Messiah AS. in the Light of Divine Love**" By: Hafiz Makhdoom Sharif Sahib Additional Nazir Aala, South India	02:45 to 03:15
تقریر بعنوان:- حضرت مسیح موعودؑ کا مقام و مرتبہ محترم منیر احمد خادم صاحب، ایڈیٹر ہفت روزہ بدر، قادیان Address on "**The Spiritual Status of Promised Messiah AS**" By: Muneer Ahmad Khadim Sb. Editor Haft Roza Badr, Qadian	03:15 to 03:45
تاثرات و تعارفی تقاریر مہمانان کرام Introductory Speeches	03:45 to 04:15
Important Announcements مرکزی اعلانات	04:15 to 04:30
خطبہ جمعہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز (Live) بعد نماز مغرب و عشاء (تمام مساجد میں خطبہ دیکھنے اور سننے کا انتظام ہے) **Friday Sermon Hudhur Anwar aba** LIVE after Maghrib and Isha Prayers (The arrangement for listening to the Friday sermon has been made in all the mosques of Qadian)	06:30

27 دسمبر 2025ء بروز ہفتہ
دوسرا دن...پہلا اجلاس
Saturday, 27th December 2025
2nd Day First Session

پرچم کشائی (لوائے احمدیت) Flag Hoisting (Liwa-e-Ahmadiyyat)	10:00 to 10:10
تلاوت قرآن مجید مع اردو ترجمہ Recitation of the Holy Qur'an with Urdu Translation	10:10 to 10:25
نظم Poem	10:25 to 10:40
تقریر بعنوان:-سیرت حضرت عمار بن یاسرؓ اور حضرت برہان الدین جہلمیؓ محترم شمیم احمد غوری صاحب، انچارج شعبہ وقفِ نو، بھارت Address on **"The Life of Hazrat Amaar Bin Yasir RA and Hazrat Burhan-ud-Deen Jehlumi** (May Allah be pleased with them) " By: Shamim Ahmad Ghori Sahib Incharge Sho'ba Waqfe Nau,India	10:40 to 11:10
تقریر بعنوان:-رشتہ ناطہ، شادی بیاہ و عائلی مسائل کے بارہ میں حضرت مسیح موعودؑ اور خلفائے کرام کے ارشادات محترم مظفر احمد ناصر صاحب، ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ قادیان Address on **"Relationship, Marriage and Family Life in the Teachings of Promised MessiahAS and his Khulafa"** By: Muzaffar Ahmad Nasir Sahib, Nazir Islah-o-Irshad Markazia, Qadian	11:10 to 11:40
تقریر بعنوان:-دعوت الی اللہ کی اہمیت اور افراد جماعت کی ذمہ داریاں محترم ایم ناصر احمد صاحب ایڈیشنل ناظر دعوت الی اللہ، جنوبی ہند، قادیان Address on **"The Importance of Da'wat Illallah (Calling Unto the Way of Allah) and the Responsibilities of Members of the Jama'at"** By : M. Nasir Ahmad Sahib Additional Nazir D'awat Illallah, South India, Qadian	11:40 to 12:10
تاثرات و تعارفی تقاریر مہمانان کرام Introductory Speeches	12:10 to 12:40

Important Announcements مرکزی اعلانات	12:40 to 12:50
Interval for Zuhr and Asr Prayers وقفہ برائے تیاری نماز ظہر وعصر	12:50 to 02:00
Zuhr and Asr Prayers at Jalsa Gah نماز ظہر وعصر بمقام جلسہ گاہ	02:00

دوسرا دن...دوسرا اجلاس

2nd Day Second Session

تلاوت قرآن مجید مع اردو ترجمہ Recitation of the Holy Qur'an with urdu Translation	02:15 to 02:30
Poem نظم	02:30 to 02:45
تقریر بعنوان:- خلافت سے وابستگی اور اطاعت ہی روحانی ترقی کا ذریعہ ہے محترم عطاء المجیب لون صاحب، ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد جنوبی ہند قادیان Address on **"Allegiance and Obedience to Khilafat - The Path to Spiritual Progress"** By : Ataul-Mujeeb Lone Sahib Additional Nazir Islah-o-Irshad South India, Qadian	02:45 to 03:15
تقریر بعنوان:- محبت سب سے نفرت کسی سے نہیں (بزبان پنجابی) محترم مبشر احمد خادم صاحب، استاد جامعہ احمدیہ، قادیان Address on **"Love for All - Hatred for None" (Address in Punjabi)** By : Mubashir Ahmad Khadim Sahib Teacher Jamia Ahmadiyya, Qadian	03:15 to 03:45
تاثرات وتعارفی تقاریر مہمانان کرام Introductory Speeches	03:45 to 05:00
مرکزی اعلانات Important Announcements	05:00 to 05:15

28 دسمبر 2025ء بروز اتوار تیسرا دن...پہلا اجلاس

Sunday, 28 st December 2025
3rd Day First Session

پرچم کشائی (لوائے احمدیت) Flag Hoisting (Liwa-e-Ahmadiyyat)	10:00 to 10:10
تلاوت قرآن مجید مع اردو ترجمہ Recitation of the Holy Qur'an with Urdu Translation	10:10 to 10:25
نظم Poem	10:25 to 10:40
تقریر بعنوان:- تمہاری تمام فلاح اور نجات کا سرچشمہ قرآن میں ہے۔ محترم حافظ سیّد رسول نیاز صاحب، مربی سلسلہ نظارت نشرواشاعت Address on **"The Fountainhead of Your Success and Salvation Lies in the Holy Qur'an"** By : Hafiz Syed Rasool Niaz Sahib Murabbi Silsila,Nazarat Nashr -o-Ishat	10:40 to 11:10
تقریر بعنوان:- سوشل میڈیا کا صحیح استعمال اور فوائد اور اسکے غلط استعمال اور مضرات سے اجتناب حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ارشادات کی روشنی میں محترم کے۔ طارق احمد صاحب، ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد نور الاسلام، قادیان Address on **"The Appropriate Use and Benefits of Social Media and the Avoidance of its Misuse and Harms in the Light of the Guidance of the Kahalifatul Masih V."** By : K. Tariq Ahmad Sahib Additional Nazir Islah-o-Irshad, Noor-ul-Islam, Qadian	11:10 to 11:40
تقریر بعنوان:- مالی قربانی کے نتیجہ میں مخلصین جماعت کو عطاء ہونے والی برکات محترم عطاء اللہ نصرت صاحب، نائب ناظر بیت المال آمد، قادیان Address on **"The Blessings Bestowed Upon the Faithful Members Through the Financial Sacrifice."** By: Ataullah Nusrat Sahib Naib Nazir Bait-ul-Mal Amad, Qadian	11:40 to 12:10
تاثرات وتعارفی تقاریر مہمانان کرام Introductory Speeches	12:10 to 12:40

Important Announcements مرکزی اعلانات	12:40 to 12:50
Interval for Zuhr and Asr Prayers وقفہ برائے تیاری نماز ظہر وعصر	12:50 to 02:00
Zuhr and Asr Prayers at Jalsa Gah نماز ظہر وعصر بمقام جلسہ گاہ	02:00

تیسرا دن...اختتامی اجلاس

3rd Day
Concluding Session

تلاوت قرآن مجید مع اردو ترجمہ Recitation of the Holy Qur'an with Urdu Translation	02:15 to 02:30
نظم Poem	02:30 to 02:45
مکرم سیکریٹری صاحب مجلس کارپرداز قادیان، دوران سال وفات پانے والے موصیان کے نام پڑھ کر سنائیں گے Mr. Secretary Majlis Karpardaz Qadian will read the names of Moosiyan who passed away during the year.	02:45 to 02:55
تاثرات وتعارفی تقاریر مہمانان کرام Introductory Speeches	02:55 to 03:05
شکریہ احباب وحکام وادارہ جات اور دعا : محترم ناظر صاحب اعلیٰ قادیان **Vote of Thanks & Silent Prayer** By: Nazir Sahib Aala Sadr Anjuman Ahmadiyya Qadian	03:05 to 03:15
اختتامی خطاب سیدنا حضرت امیر المؤمنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز لندن سے براہ راست بذریعہ ایم۔ٹی۔اے واجتماعی دُعا **Concluding Address of Hadhrat Ameer-ul-Mumineen Khalifatul Masih V[aba] LIVE from London via MTA and Silent Prayer**	03:15 till end

پروگرام جلسہ سالانہ مستورات 2025ء
منعقدہ مورخہ 27 دسمبر 2025ء بروز ہفتہ 2:15 بجے

LADIES SESSION
on Saturday 27th December 2025 at 2:15 pm

تلاوت قرآن مجید مع اردو ترجمہ Recitation of the Holy Qur'an with Urdu Translation	02:15 to 02:30
نظم Poem	02:30 to 02:45
تقریر بعنوان:- پُرسکون عائلی زندگی بہترین تربیت اولاد کی ضامن محترمہ راشدہ رحمٰن صاحبہ، ضلعی صدر لجنہ اماء اللہ، دہلی، نوئیڈا NCR Address on **"A Peaceful Harmonious Family Life - The Guarantee of the Best Moral Upbringing of Children"** By: Mohtarma Rashida Rehman Sahiba Zila Sadr, Lajna Ima'illah, Delhi Noida NCR	02:45 to 03:15
نظم Poem	03:15 to 03:30
تقریر بعنوان:- خلیفۃ المسیح کے خطبات وخطابات کی اہمیت وبرکات اور لجنہ اماء اللہ کی ذمہ داریاں محترمہ ڈاکٹر منصورہ الہ دین صاحبہ، صدر لجنہ اماء اللہ، بھارت Address on **"The Importance and Blessings of the Sermons and Addresses of the Kahalifatul Masih and the Responsibilities of Lajna Imai'llah"** By: Dr. Mansoora Alladin Sahiba, Sadr Lanja Ima'illah, Bharat	03:30 to 04:00
ترانہ	04:00 to 04:15
اختتامی دُعا Concluding Prayer	

اوقات نماز
Namaz Timings

22 دسمبر 2025ء تا 2 جنوری 2026ء

22nd December 2025 to 2nd January 2026

نماز تہجد باجماعت Congregational Tahajjud prayers	5:15 a.m.
Fajr نماز فجر	6:20 a.m.
Zuhr and Asr نماز ظہر وعصر	2:00 p.m.
Maghrib & Isha prayers نماز مغرب وعشاء	6:00 p.m.

- نماز تہجد باجماعت 24 دسمبر 2025ء تا 30 دسمبر 2025ء مسجد اقصیٰ اور مسجد انوار میں ہوگی۔ جلسہ کے تینوں دن تمام مساجد میں نماز تہجد باجماعت کا اہتمام کیا گیا ہے۔
- مورخہ 26 دسمبر بروز جمعہ پہلی اذان 1:00 بجے اور خطبہ 1:30 بجے جلسہ گاہ میں ہوگا۔
- 27 دسمبر 2025ء کو نماز ظہر وعصر 2:00 بجے ہوگی۔ (جلسہ گاہ)
- 28 دسمبر 2025ء کو نماز ظہر وعصر 2:00 بجے ہوگی۔ (جلسہ گاہ)
- مورخہ 26 دسمبر 2025ء کو خطبہ جمعہ سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز لندن سے براہ راست نشر ہوگا۔ تمام مساجد میں خطبہ سننے اور دیکھنے کا انتظام کیا گیا ہے۔ احباب اپنی سہولت کے مطابق جہاں چاہیں خطبہ سن سکتے ہیں۔

- Congregational Tahajjud prayers will be offered at Masjid Aqsa and Masjid Anwaar from 24th December 2025 to 30th December 2025 and in all the mosques of Qadian during the three days of Jalsa Salana.
- On Friday 26th of December 2025 first Adhan will be at 1:00 p.m. Khutba Jumu'ah will start at 1:30 p.m. at Jalsa Gah.
- On 27th December 2025, Zuhr and Asr prayers would be offered at 2:00 p.m. (Jalsa Gah)

- On 28th December 2025, Zuhr and Asr prayers would be offered at 2:00 p.m.
- On 26th December 2025, the Friday Sermon delivered by Hudhur Anwar[aba] will be LIVE telecasted from London.
- The arragement for listening to the Friday Sermon has been made in all the mosques of Qadian.

ضروری اعلانات
اوقات بیت الدعا و بیت الذکر

مستورات کے لئے وقت	صبح 7:30 سے صبح 10:00 بجے تک شام 6:30 سے رات 9:00 بجے تک
مرد حضرات کے لئے	رات 3:00 بجے تا صبح 5:00 بجے صبح 10:10 بجے تا 11:55 بجے دوپہر 12:05 بجے تا 1:30 بجے رات 9:10 بجے تا 11:30 بجے

Important Annoucements
Timings for Bait-ud-Dua & Bait-uz-Zikr

For Ladies :	From 7:30 am to 10:00 am From 6:30 pm to 9:00 pm
For Gents :	From 3:00 am to 5:00 am From 10:10 am to 11:55 am, 12:05 pm to 1:30 pm From 9:10 pm to 11:30 pm

اوقات بہشتی مقبرہ

بعد نماز فجر سے لیکر رات 9:00 بجے تک۔ احباب و مستورات کسی بھی وقت مزار مبارک پر دُعا کے لئے جاسکتے ہیں۔

Timings for Bahishti Maqbara

After Fajr Prayers till 9:00 pm.

قرآن نمائش اور مخزن تصاویر بمقام دفتر نشر و اشاعت

9:00 بجے صبح تا 01:30 بجے اور دوپہر 3 بجے سے رات 9 بجے تک

جلسہ کے تین ایام میں دن کے وقت بند رہیں گے۔ بعد نماز مغرب و عشاء احباب استفادہ کر سکتے ہیں۔

Quran Exhibition & Photo Gallery

at Nashr-o-Isha'at Office

From 9:00 am to 1:30 pm & 3:00 pm to 9:00 pm

During the three days of Jalsa Salana guests can visit after Maghrib & Isha Prayers only.

''النُّور نمائش'' اور ''اسلام امن عالم نمائش'' بمقام کوٹھی دار السلام

9:00 بجے صبح تا 1:30 بجے سہ پہر 3:00 بجے تا رات 9:00 بجے تک

جلسہ کے تین ایام میں دن کے وقت بند رہیں گے۔ بعد نماز مغرب و عشاء احباب استفادہ کر سکتے ہیں۔

An-Noor & Islam Amn-e-Aalam Exhibition

Venue : Kothi Darussalam

Timings : 9:00 am to 1:30 p.m. and 3:00 p.m. to 9:00 p.m.

During the three days of Jalsa Salana guests can visit after Maghrib & Isha Prayers only.

دارالمسیح

دارالمسیح کی زیارت باجماعت نمازوں کے اوقات کو چھوڑ کر رات 8:00 بجے تک کر سکتے ہیں۔

ضروری ھدایت : دارالمسیح اور بہشتی مقبرہ میں ویڈیو گرافی و فوٹو گرافی کرنا منع ہے۔

بیت الدعا، زیارت دارالمسیح اور نمائش تبرکات جلسہ کے اوقات میں بند ہوں گے۔

Darul Masih

Timings : Darul Masih may be visited till 8:00 p.m. except the timings of the obligatory congregational prayers.

Important Note : Videography / Photography is strictly prohibited in the premises of Darul Masih & Bahishti Maqbara. Bait-ud-Dua, Ziarat Darul Masih and Tabarrukat (Relics) Exhibition will remain closed during Jalsa time.

نمائش تبرکات بمقام دارالمسیح

اوقات (خواتین) : 8:00 بجے صبح تا 10:00 صبح بجے، (مرد) : 10:00 بجے صبح تا 1:00 بجے دوپہر

Tabarrukat (Relics) Exhibition at Darul Masih

Timings (Ladies) : 8:00 am to 10:00 a.m.
(Gents) 10:00 am to 1:00 p.m.

اعلانات نکاح

27 دسمبر 2025ء بعد نماز مغرب وعشاء مسجد انوار قادیان میں ہوں گے۔

مزید معلومات کے لئے رابطہ نمبر **9417485781**

Nikah Announcements

Nikah announcements will be made on 27th December 2025, after Maghrib and Isha prayers at Masjid Anwar. For further enquiries please contact **9417485781**

جلسہ سالانہ کے متعلق حضرت اقدس مسیح موعودؑ کے زرّیں ارشادات
JALSA SALANA in the words of Hazrat Masih Mau'ud[as]

جلسہ سالانہ کی عظمت

" اس جلسہ کو معمولی انسانی جلسوں کی طرح خیال نہ کریں... اس سلسلہ کی بنیادی اینٹ خدا تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے رکھی ہے۔" (مجموعہ اشتہارات جلد اوّل صفحہ 341)

Significance of Jalsa Salana:

"This gathering (Jalsa) may not be termed as an ordinary gathering... The foundation of this gathering has been laid by God Almighty's own hand."

(Majmoo'ah Ishtiharat, Vol. I, Page 341)

ایمان اور معرفت میں ترقی

" اس جلسہ میں ایسے حقائق اور معارف کے سنانے کا شغل رہے گا جو ایمان اور یقین اور معرفت کو ترقی دینے کے لئے ضروری ہیں۔" (روحانی خزائن جلد 4 صفحہ 352)

Source to enhance one's Faith & Perception:

"The main avocation in this gathering would be the exposition of such knowledge and truth that would be essential to promote faith, belief and wisdom."

(Roohani Khazain, Vol: 4, Page 352)

روحانی فوائد اور ثواب

" سو لازم ہے کہ اس جلسہ پر جو کئی بابرکت مصالح پر مشتمل ہے ہر ایک ایسے صاحب ضرور تشریف لائیں جو زاد راہ کی استطاعت رکھتے ہوں۔"

" اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولؐ کی راہ میں ادنیٰ ادنیٰ حرجوں کی پرواہ نہ کریں۔ خدا تعالیٰ مخلصوں کو ہر یک قدم پر ثواب دیتا ہے اور اس کی راہ میں کوئی محنت اور صعوبت ضائع نہیں ہوتی۔"

(مجموعہ اشتہارات جلد اوّل صفحہ 341)

❁ Spiritual Benefits & Reward:

"It is, therefore, essential for those who can afford to undertake the journey, to participate in this gathering.
They should disregard the minor inconveniences suffered in the cause of Allah and His Holy Prophet[saw]. Allah blesses His sincere devotees at every step, and every hardship borne in this cause never goes unrewarded."

(Majmoo`ah Ishtiharat Vol. I, Page 341)

❁ نئے احباب سے تعارف:

" اور ایک عارضی فائدہ ان جلسوں میں یہ بھی ہوگا کہ ہر یک نئے سال میں جس قدر نئے بھائی اس جماعت میں داخل ہوں گے۔ وہ تاریخ مقررہ پر حاضر ہو کر اپنے پہلے بھائیوں کے مُنہ دیکھ لیں گے اور روشناسی ہو کر آپس میں رشتہ تودُّد وتعارف ترقی پذیر ہوتا رہے گا۔" (روحانی خزائن جلد 4 صفحہ 352

❁ Introduction with New Brethren:

"Among its secondary benefits is that this congregational meeting will promote mutual introduction among all brothers, and it will strengthen the fraternal ties within this Community."

(Roohani Khazain, Vol. 4, Page 352)

❁ وفات پاجانے والوں کے لئے اجتماعی دُعائے مغفرت:

" اور جو بھائی اس عرصہ میں اس سرائے فانی سے انتقال کر جائے گا۔ اس جلسہ میں اس کے لئے دُعائے مغفرت کی جائے گی۔" (روحانی خزائن جلد 4 صفحہ 352

❁ Collective Dua-e-Maghfirat for the Deceased Ones:

"And the Brother deceased from this mortal world (Inn) during this Period; there shall be offered Dua-e-Maghfirat for him in this Jalsa. (Roohani Khazain, Vol. 4, Page 352)

جلسہ سالانہ میں شرکت کرنے والوں کے لئے دعائیں

”اے خدا اے ذوالمجد والعطاء ہر یک صاحب جو اس للہی جلسہ کے لئے سفر اختیار کریں خدا تعالیٰ ان کے ساتھ ہو اور اُن کو اجر عظیم بخشے اور ان پر رحم کرے اور ان کی مشکلات اور اضطراب کے حالات ان پر آسان کر دیوے اور ان کے ہم وغم دور فرمادے اور ان کو ہر یک تکلیف سے مخلصی عنایت کرے اور ان کی مُرادات کی راہیں ان پر کھول دیوے اور روز آخرت میں اپنے ان بندوں کے ساتھ ان کو اٹھاوے جن پر اس کا فضل ورحم ہے اور تا اختتام سفر ان کے بعد ان کا خلیفہ ہو۔ اے خدا اے ذوالمجد والعطاء اور رحیم اور مُشکل کشا یہ تمام دُعائیں قبول کر اور ہمیں ہمارے مخالفوں پر روشن نشانوں کے ساتھ غلبہ عطا فرما کہ ہر یک قوت وطاقت تجھ ہی کو ہے۔ آمین ثم آمین۔“

(مجموعہ اشتہارات جلد اوّل صفحہ 342)

Prayers for Attendants of Jalsa Salana:

“I conclude with the prayer that everyone who travels for [attending] this Convention that is for the sake of Allah: May Allah, the Exalted, be with him, reward him in abundant measure, have mercy on him, ease up for him his circumstances of hardship and anxiety and eliminate his anguish and grief. May He grant him freedom from every single hardship and lay open for him the ways of [achieving] his cherished goals, and raise him up, on the day of Judgment, among those of His servants who are the recipients of His blessings and Mercy. May He be their Guardian in their absence until after their journey comes to an end. O Allah! O Sublime One and Bestower of bounties, the Ever Merciful and One Who resolves all problems, do grant all these prayers, and grant us victory over our opponents with scintillating signs, because You alone have all the prowess and power. Amin! Amin!!”

(Majmoo`ah Ishtiharat, Vol. I, Page 342)

شرکاء جلسہ کے لئے
حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی زرّیں ہدایات

Directives
Some Directives for Guests and Workers of Jalsa Salana In the light of instructions by Hadhrat Khalifatul Masih V[aba]

❁ جلسے کا بنیادی مقصد

” آپ کو یہ بات ذہن نشین کر لینی چاہئے کہ جلسہ کا بنیادی مقصد ہمارے دین اسلام اور ہمارے پیارے نبی حضرت محمد ﷺ اور قرآن پاک کی تعلیمات کی ضروری معلومات حاصل کرنا ہے اور یہ کہ احباب جماعت اکٹھے ہو کر اجتماعی طور پر روحانی تربیت اور تعلیم حاصل کر سکیں۔ اس طرح ہم نیک کام کرنے میں ترقی کر سکتے ہیں، اپنی اخلاقی حالت کو بہتر بنا سکتے ہیں اور تقویٰ کے اعلیٰ معیار کو حاصل کر سکتے ہیں۔“

(الفضل انٹرنیشنل 6/ مئی 2023ء)

❁ Main Purpose of Jalsa

“You must keep in mind that the main purpose of the Jalsa is to gain essential knowledge of our faith Islam and the teachings of our beloved Prophet Muhammad (peace & blessings be upon him) and the Holy Qur'an. And also for the members of the community to gather together and receive spiritual education and learning as a collective. In this way, we can progress in doing good deeds, elevate our moral status, and attain the highest standards of piety.

(Al Fazl International, May 6th, 2023)

❁ جلسے کے پروگرام روحانیت میں اضافہ کا باعث

”اور یہ جلسے کے جو دن ہمیں میسر آئے ہیں ان کو کھیل کود اور گپیں لگانے اور مجلسیں لگانے میں ضائع کرنے کی بجائے دعاؤں اور اپنی اصلاح کی کوشش میں گزاریں۔... جلسے کے تمام پروگرام کسی نہ کسی رنگ میں علم اور روحانیت میں اضافے کا باعث بنتے ہیں۔... خواتین بھی اپنی گپوں کی محفلوں کی بجائے ان دنوں کو روحانیت بڑھانے میں صرف کریں کیونکہ ان کی مجلسیں زیادہ لمبی ہوتی ہیں۔ دُعاؤں میں وقت گزاریں۔“

(الفضل انٹرنیشنل 8 تا 14 جولائی 2005ء)(مشعل راہ جلد پنجم حصہ سوم صفحہ 47

❁ Programmes of Jalsa Result in Enhancement of Spirituality

“Instead of wasting your time in meaningless conversations, the days of Jalsa should be dedicated for prayers and endeavouring spirituality.... One way or another, all the programmes of Jalsa result in enhancement of knowledge and spirituality.... Since the assemblies of women folk are quite long, they should also spend these days for enhancement of spirituality instead of gossiping. Go through this time with prayers.

(Al-Fazl International 8-14 July 2005) (Mashal-e-Rah, Vol. 3, Page 47)

”جماعت احمدیہ کے جلسوں کے خاص مقاصد ہوتے ہیں اور سب سے بڑا مقصد اللہ تعالیٰ کا تقویٰ اختیار کرنا ہے، اللہ تعالیٰ کی محبت دلوں میں پیدا کرنا ہے۔ اسکے احکامات پر عمل کرنے کی طرف توجہ پیدا کرنا ہے۔ اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے یہ دن آپ لوگ دعاؤں اور عبادتوں میں گزارنے کی کوشش کریں۔ اس روحانی ماحول سے فیض اٹھائیں، اپنی عملی حالتوں میں بہتری لانے کی کوشش کریں اور اپنی برائیوں کو دور کریں، ان دنوں میں عبادتوں کے ساتھ ساتھ ذکرِ الٰہی اور استغفار کی طرف ہم توجہ دیں۔ اگر ہماری یہ سوچ نہیں تو ہمارا جلسے پر آنا فضول ہے۔ عقل مندی کا تقاضا تو یہی ہے کہ ان تین دنوں کو ایک ٹریننگ کیمپ کے طور پر سمجھا جائے اور ہماری عملی حالتوں میں جو کمیاں ہوگئی ہیں اور ہوجاتی ہیں جب انسان ایک ماحول سے باہر نکلتا ہے تو انہیں دور کرنے کی کوشش کریں۔

"All Jama'at Ahmadiyya Jalsas have special purposes and the most important of them all is to attain Allah Ta'ala's taqwa (living with true consciousness of God). And to create the love of God Almighty in the hearts and to develop sincerity towards following His commandments. To achieve this goal, you should try to spend these days in prayers and worship. Take advantage of this spiritual environment, try to better your spiritual practices and remove your vices. In these days along with the prayers let us pay attention to Zikr-e-ilahi as well as Istighfar, (remembering Allah and asking for His forgiveness). If we are not mindful of this, then it is futile to come to Jalsa. Prudence demands that these three days should be considered as a spiritual training camp and we should try to use this opportunity to be out and away to do away with the shortcomings in our spiritual disciplines and practices.

''جلسہ کی کارروائی کے دوران بھی اور وقفوں میں بھی اور رات کو بھی اللہ تعالیٰ کے ذکر کے ساتھ یہ دعا مانگیں اور عہد کریں کہ اے خدا ہم نیک نیت ہو کر تیرے مسیح کے جاری کردہ اس جلسے میں شامل ہوئے جو یقیناً تیری خاص تائیدات اور اذن سے جاری ہوا۔ اس میں تیری رضا کے حصول اور تیرے ذکر میں بڑھنے اور تیری محبت کے حصول کیلئے شامل ہوئے ہیں۔ اپنی ان تمام برکات سے ہمیں متمتع فرما جو تو نے اس جلسے سے وابستہ کی ہیں اور ہمارے اندر وہ پاک تبدیلیاں پیدا فرما جو تو چاہتا ہے اور جس کو قائم کرنے کے لئے تو نے آنحضرت ﷺ کے غلامِ صادق کو اس زمانے میں بھیجا ہے تا کہ ہم اسکی بیعت میں حقیقی رنگ میں شامل ہونے والے بن سکیں۔ پس جب ہم اللہ تعالیٰ سے مدد مانگتے ہوئے اور درود و استغفار کرتے ہوئے دن گزاریں گے، اپنے دنوں کو خالص اللہ تعالیٰ کے لئے کریں گے تو ہماری عبادتوں کے معیار بھی بلند ہوں گے اور اللہ تعالیٰ سے تعلق کی وجہ سے ہم اللہ تعالیٰ کی مخلوق کے حق ادا کرنے والے بھی بنیں گے۔''

"During the proceedings of the Jalsa and also in the breaks and at night, along with Zikr-e-Ilahi (the remembrance of Allah), make this supplication and pledge that, O God, we have come to this Jalsa initiated by your Messiah with pious intentions, which was

certainly carried out with your grace and choicest blessings. We have come to seek Your pleasure and to be more sincere in Your zikr and your remembrance and to obtain Your love and affections. Shower us with all your blessings associated with this Jalsa and purify our hearts the way you want, and for which, you have sent the righteous servant of the Prophet [saw] in this age. So that we can join in his allegiance in the best of ways, so when we spend the day with darood, istighfar and asking for help from Allah we will be spending our days purely for the sake of Allah Ta'ala. The standard of our worship will also be high and due to our relationship with Allah Ta'ala, we will also become of those who fulfill their rights towards fellow humans and rest of Allah's creation.

''حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان جلسوں کا ایک مقصد یہ بھی بیان فرمایا تھا کہ جماعت کے افراد کا آپس کا تودّد وتعارف بڑھے۔ پس جہاں نئے آنے والوں سے احمدیت کے رشتے کی وجہ سے محبت اور تعارف کا رشتہ قائم ہو گا وہاں یہ بھی ضروری ہے کہ پرانے رشتوں میں مزید محبت پیدا ہو۔ اللہ تعالیٰ اسے بے انتہا نوازتا ہے جو اپنے بھائی سے خدا تعالیٰ کی خاطر محبت کرتا ہے۔''

(الفضل انٹرنیشنل 4/ نومبر 2022ء)

"Promised Messiah (on whom be peace and blessings) also stated that one of the purposes of these gatherings was to bring members of the Jama'at closer to each other. Therefore, where love and acquaintance will be established with the new members due to the association of Ahmadiyyat, it is also necessary that more love should be fostered in the old relationships. Allah Almighty blesses him who loves his brother for the sake of Allah Almighty.

(Al Fazl International Nov 4th, 2022)

کارکنان کو نصائح

’’میں کارکنوں سے کہتا ہوں کہ جس جذبے سے سب نے اپنے آپ کو خدمت کے لیے پیش کیا ہے اس جذبے کو قائم رکھتے ہوئے جتنے دن بھی ڈیوٹیاں ہیں انہیں سرانجام دیں اور جہاں مہمانوں کی خدمت کرنے کا حق ادا کریں وہاں یہ بات بھی نہ بھولیں کہ ہم نے اللہ تعالیٰ کی عبادت کا بھی حق ادا کرنا ہے، اپنی نمازوں کی بھی حفاظت کرنی ہے اور اس ماحول سے ہر لمحہ فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنی ذات کو بھی پاک بنائے رکھنے کی کوشش کرنی ہے۔

میزبان کا یہ فرض ہے جیسا کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے فرمایا کہ حتی المقدور مہمان کو آرام پہنچائے اور مہمانوں کو بھی اللہ تعالیٰ معمولی تکلیفوں کو برداشت کرنے کا بہترین اجر عطا فرمائے۔

صرف ڈیوٹیوں کا حق ادا کر کے یہ نہیں سمجھنا چاہیے کہ ہمارا جو مقصد تھا ہم نے پورا کر لیا۔ بغیر عبادت کے ہمارا مقصد پورا نہیں ہو سکتا۔ پس بچے جوان مرد عورتیں جو ڈیوٹی دینے والے ہیں اس حق کی ادائیگی کا بھی خیال رکھیں۔

اس جلسے میں شامل ہونے کا ہمارا ایک مقصد ہے اور وہ مقصد ہے اپنی روحانی اور علمی حالت کو بہتر کرنا۔ اخلاقی حالت کو بہتر کرنا۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت اپنے دل میں پیدا کرنا۔

پس جب یہ سوچ ہو گی تو پھر دنیاوی باتوں کی طرف توجہ نہیں رہے گی اور جب دنیاوی باتوں کی طرف توجہ نہیں رہے گی تو پھر جلسے کے بعض انتظامات جن میں اگر کمزوری بھی ہو گی تو مہمان اسے محسوس نہیں کریں گے اور یہی سوچ رکھیں گے کہ میزبانوں کی طرف سے یا جلسے کے انتظام کرنے والوں کی طرف سے اگر کوئی کمی رہ بھی گئی ہے تو ہمیں اس کا کوئی فرق نہیں پڑتا۔ ہمارا مقصد تو اپنی روحانی اور علمی حالتوں کو بہتر کرنا ہے اور وہ ہم جلسہ کی کارروائی اور تقاریر سے فائدہ اٹھا کر کر سکتے ہیں۔‘‘

I ask the volunteers to carry out their duties for as many days as they can, keeping up the spirit with which they offered themselves for service. While they should fulfill their responsibilities towards the service of guests, they should not forget that we also have to fulfill our duties towards Allah and have to offer our prayers as well. And make sure we stay sincere and disciplined about it. And taking advantage of this environment, we must strive towards keeping ourselves pure and pious.

It is the duty of the host, as Promised Messiah (on whom be peace) said, to provide comfort to the guest as much as possible, and may Allah reward the guests with the best of the rewards for any inconveniences they were to endure.

All the women, children and men who are volunteering at the Jalsa should not think that just by doing the assigned duty, they have achieved the purpose of being at Jalsa. Our purpose can not be complete without prayers. So everyone must keep this responsibility in mind too.

Our purpose to join this Jalsa is to uplift our spiritual and intellectual levels, improve our moral character, to develop the love of Allah Ta'ala and His Messenger PBUH in our hearts. So when this intent would be there, the mind will not wander to worldly thoughts, and then, even if there are any shortcomings in certain arrangements of the Jalsa, the guests would not feel affected by it. And they will think that even if there is any shortcoming on the part of the hosts or the organizers of the Jalsa, it does not matter to us. Our objective is to improve our spiritual and intellectual conditions and that we can do by benefiting from the proceedings and speeches of the Jalsa.

”پس پہلی بات یہ ہے کہ ہر آنے والا، جلسے میں شامل ہونے والا اس بات کو یقینی بنائے کہ ہم نے جلسے کے اوقات میں اِدھر اُدھر پھرنے کی بجائے جلسے کی مکمل کارروائی سننی ہے اور جلسہ کے باقاعدہ پروگراموں کے درمیان جو وقفہ ہے، جو کھانے اور نماز یا دوستوں سے ملنے ملانے کے لیے بھی ہوتا ہے اسے بھی بہتر رنگ میں استعمال کرنا ہے۔

So every attendee to Jalsa should prioritize on ensuring that he or she listens to the full proceedings instead of going around during the Jalsa. And the interval between the different sessions of the Jalsa, which is also used for eating and praying or meeting friends, should also be used in a better way.

”غرضیکہ ہر لحاظ سے کلیۃً دنیاوی جھمیلوں سے علیحدہ ہو کر خالصۃً دینی اور علمی بہتری کے سامان کرنے کی کوشش کریں۔ اعلیٰ اخلاق کا مظاہرہ کرنا خوش اخلاقی دکھانا، ایک دوسرے سے مسکرا کر ملنا، دوسرے کے لیے قربانی کا جذبہ رکھنا صرف کارکنوں کا ہی کام نہیں ہے بلکہ مہمانوں کو بھی خاص طور پر اس بات کا خیال رکھنا چاہیے۔

Therefore, try to separate yourself from worldly entanglements in all respects and sincerely dedicate yourself to religious and spiritual purpose. Showing the highest moral character and behaviour and love and warmth and meeting each other with a smile and having a spirit of sacrifice for others is not only for the volunteers, but the guests should also take special care of this.

”اگر اخلاق نہیں تو کچھ بھی نہیں۔ صرف کارکنان کی خوش اخلاقی سے ماحول پُرامن نہیں ہوسکتا بلکہ تمام حاضرین کو خوش اخلاقی کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ عورتیں بھی اس بات کا خیال رکھیں اور مرد بھی اس بات کا خیال رکھیں۔ میں نے پچھلی دفعہ حدیث کا حوالہ دیا تھا کہ مسکرانا بھی ایمان کا حصہ ہے۔ مسکراتے رہنا بھی صدقہ ہے۔ پس اس پر میزبانوں کو بھی غور کرنا چاہیے اور شاملین جلسہ کو بھی بہت غور کرنا چاہیے۔ اگر ایک دوسرے کی غلطیوں کو نظرانداز کرنے اور سلامتی اور ہمدردی کی فضا پیدا کرنے کی کوشش کریں گے تو یہ تین دن اس مقصد کو حاصل کرنے والے بن جائیں گے جس کے لیے ہم یہاں جمع ہوئے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کرے کہ یہ تین دن صرف ہمارے ترانے پڑھنے اور نظمیں پڑھنے کے اور پیار و محبت کے گُن گانے کے دن نہ ہوں بلکہ ان تین دنوں کی تربیت سے وہ جاگ لگے جو معاشرے میں پیار و محبت کی ایک ایسی فضا قائم کرنے والی ہو جو حقیقی اور اسلامی معاشرے کا طرۂ امتیاز ہے۔

If kindness and politeness isn't there in behaviour and mannerism, nothing else matters. We can not create a peaceful environment only by the good behavior of the volunteers, all the attendees should also show good behavior. Women should also take care of this and men should also take care of this. Last time I mentioned the hadith that smiling is also a part of faith. Act of sharing a smile is also a charity and a good deed. So the hosts should also consider it and the guests of Jalsa should also consider it very much. If we try to let go of each other's mistakes and create a safe and

compassionate space for each other, we will be able to achieve the purpose for which we have gathered here.

May Allah Ta'ala make these three days not only the days for reciting poems and singing songs of love, rather, these three days of training inspire those who are going to establish an atmosphere of love and affection in the whole society, which is the hallmark of a true Islamic society.

”ان دنوں میں ہر احمدی کو یہاں سلامتی کا پیغام پھیلانے، السلام علیکم کو رواج دینے اور اپنے اندر ایک دوسرے کے لیے نیک جذبات پیدا کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ کوشش کرنی چاہیے کہ جلسے کی کارروائی خاموشی اور توجہ سے سنیں۔ مقررین بڑی محنت سے تقاریر تیار کر رہے ہوتے ہیں۔ تمام شاملین کو جلسے کی تمام کارروائی میں شامل ہو کر روحانی اور علمی فائدہ اٹھانے کی کوشش کرنی چاہیے۔“

In these days, every Ahmadi should try to spread the message of peace here, practice saying Salaam to everyone and develop love and kindness for each other. One should try to listen to the proceedings of the Jalsa quietly and attentively. Speakers prepare speeches with great effort. All participants should try to get spiritual and intellectual benefits by participating in all the proceedings of the Jalsa.

”درود شریف پڑھنا چاہیے اور اس سوچ کے ساتھ پڑھنا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مقام و مرتبہ کو بلند کرتا چلا جائے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیغام کو کامیابی اور غلبہ عطا فرمائے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت کو بقا اور عظمت عطا فرمائے۔ آپؐ کی امت کے حق میں آپؐ کی دعاؤں سے ہم فیض پانے والے ہوں اور اللہ تعالیٰ اس امت کو ہر قسم کے بگاڑ سے پاک کر دے۔“

Durood Sharif should be read and should be read with this intent that Allah continue to raise the position and status of the Holy Prophet (peace & blessings be upon him). May the message of the Prophet (peace and blessings of Allah be upon him) be successful and prevail. May Allah bless that Shariah (the divine law) continues to thrive and establish its greatness. May we be the ones who will be blessed by the prayers of Prophet (peace and blessings of Allah be upon him) for the sake of Ummah and may Allah purify this Ummah from all kinds of corruption.

”جو عورتیں بچوں کی مارکی میں بیٹھتی ہیں وہ بھی کوشش کریں کہ کم بولیں اور کارروائی سننے کی طرف توجہ دیں۔ یہ بھی شکایت آتی ہے کہ بچے کم شور مچاتے ہیں۔عورتیں آپس میں ان کے بہانے زیادہ باتیں کر رہی ہوتی ہیں تو اس طرف توجہ رکھنی چاہیے۔ سیکیورٹی کے لحاظ سے بھی مردانہ اور زنانہ جلسہ گاہ میں ہر شامل ہونے والے کو اپنے ماحول پر نظر رکھنی چاہیے۔ یہ بہت بڑا سیکیورٹی کا ذریعہ ہے۔اور اسی طرح جو ہدایات آپ کے پروگرام میں لکھی گئی ہیں انہیں بھی غور سے پڑھیں اور ان پر عمل کریں۔ اللہ تعالیٰ سب کو جلسے سے احسن رنگ میں فائدہ اٹھانے کی توفیق عطا فرمائے۔ ہر شر سے بچائے اور اپنی رحمتوں اور فضلوں کی بارش ہم پر نازل فرماتا رہے۔“

(خطبہ جمعہ 28/ جولائی 2023ء، الفضل انٹرنیشنل 18/ اگست 2023ء)

Women who sit in the children's marquee should also try to avoid unnecessary conversations and focus on listening to the proceedings. There is also a complaint that children make less noise, but their mothers are using the opportunity to have conversations between themselves, they should be mindful about this. With regards to security, every participant in the male and female gatherings should keep an eye on their surroundings. This is a great safety tool. And also, carefully read and follow the instructions written in your programme. May Allah grant everyone the opportunity to benefit from the Jalsa in the best possible way and save us from every evil and keep showering His mercy and blessings on us.

(Friday Sermon July 28th, 2023 ; Al Fazl International Aug 18th, 2023)

❁ افسران شعبوں کے ذمہ دار ہیں

”ناظمین یا افسران شعبہ یا شعبوں کے جو انچارج ہیں وہ بھی یہ یاد رکھیں کہ بحیثیت نگران آپ کی تمام ذمہ داری ہے کہ شعبے کا کام صحیح طور پر اور صحیح نہج پر چل رہا ہو۔ بحیثیت افسر وہ اپنے سب کارکنوں کے نگران ہیں۔ اور یہی اصول ہمیں بتایا گیا ہے کہ نگران سے ہی اپنی زیر نگرانی کام کرنے والوں کے لئے یا اپنی رعایا کے عمل کے بارے میں پوچھا جائے گا۔“

(الفضل انٹرنیشنل 13 تا 19 جنوری 2006ء) (مشعل راہ جلد پنجم حصہ سوم صفحہ 166 تا 168

❁ Responsibilities of the officers of various departments :

• All officers in charge of various departments should remember that as supervisors, it is their responsibility that the jobs assigned to them are running smoothly. As officers they are supervisors of workers. This is the principle that we have been taught that it is the supervisor who would be answerable for workers in his supervision or for the deeds of his disciples.

میزبانوں کو نصائح

❁ مہمان نوازی بہت عمدہ خلق ہے اور مہمان کی یہ عزّت صرف اپنے تک ہی محدود نہیں ہے، اپنے عزیزوں تک ہی محدود نہیں ہے، اپنے قریبیوں سے ہی مخصوص نہیں ہے بلکہ ہر مہمان قطع نظر اس کے کہ اس کا دین اور مذہب کیا ہے، عزیز داری ہے کہ نہیں اس کی مہمان نوازی کا آپ نے حکم دیا... پس مہمانوں کے حق کو ہمیشہ سامنے رکھنا چاہئے اور جو مہمان حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے بلانے پر روحانی مائدہ حاصل کرنے کے لئے آرہے ہوں جو اس لئے دُور دراز سے خرچ کر کے آرہے ہوں ہم سے بھی جو بن پڑتا ہے کرنا ہے اور کرنا چاہئے۔ ہر کارکن کو اس سوچ کے ساتھ ہر مہمان کا خیال رکھنا چاہئے کہ اُس کی مہمان نوازی کا حق ادا ہو۔ اُس کی ضرورت کا خیال رکھا جائے اُس کے ساتھ اعلیٰ اخلاق کا مظاہرہ کیا جائے۔ اپنی تکلیفوں کی کچھ پرواہ نہ کی جائے کیونکہ حق ادا کرنے کے لئے تکلیفیں تو بہرحال برداشت کرنی پڑتی ہیں۔ تمام کارکنان شکر گزاری کے جذبات کے ساتھ پورے خلوص سے ہر وقت ان مہمانوں کی خدمت پر کمر بستہ رہیں۔ (بحوالہ احمدیہ گزٹ، اکتوبر 2016ء صفحہ 24

❁ Hospitality in Islam is a great virtue and this honour of a Guest is not limited to our people, it is not limited only to our dears, it is not limited only to our intimate friends but he commands us to serve our every Guest despite what the religion he professes is, have a kinship or not…so the right of Guests should always be taken into account and the guests who came to acquire from the spiritual Maidah abiding by the call of Hazrat Masih Mau'ud[as], who came from far-flung areas by making expenses we will do what we can and that should be done. Every worker should serve every guest with the thinking that the duty of hospitality may be

fulfilled. His need should be considered. High virtues and morals should be displayed. Personal worries should be ignored because problems are being faced to perform one's duties. All workers should become ready, all the time, to serve these Guests sincerely with the feelings of gratitude.

(Ahmadiyya Gazette, Oct 2016, page 24)

مہمانوں کو نصائح

❁ مہمانوں کو بھی یہ مدِّنظر رکھنا چاہئے کہ سارا اعارضی انتظام ہوتا ہے۔ کارکنان بڑی محنت سے خدمت بجالاتے ہیں۔ لیکن اگر بعض جگہ کہیں کمی یا کوئی خامی رہ جائے تو اِس کو برداشت کریں۔

Advice for the Guests

- Guests should remember that all these arrangements are temporary. The volunteers work very hard to serve the guests, but occasionally if there is any shortfall, it should be overlooked.

❁ مہمان بھی اگر کہیں کوتاہی دیکھیں تو نرمی سے توجہ دلادیں۔ کسی قسم کا غصہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اِتنے وسیع انتظامات ہوتے ہیں۔ تھوڑی بہت کمیاں رہ جاتی ہیں وہ برداشت کرنی چاہئیں اور صَرف نظر کرنا چاہئے۔ اور غصہ کو دبانے کا بھی ایک ثواب ہے۔

- If any guests find a shortfall, they should gently draw attention of the workers to it. There is no need to get angry. The arrangements are on a large-scale and there may be some deficiencies. They should be tolerated and overlooked.

کھانے کے آداب

❁ اِن دنوں میں بعض دفعہ کھانے کا بہت ضیاع ہوتا ہے۔ کھانے کے آداب میں تو یہ ہے کہ جتنا پلیٹ میں ڈالیں اُس کو مکمل ختم کریں۔ اپنے بچوں کو بھی اِس کی تلقین کریں کہ اِس قسم کی کوئی حرکت نہیں ہونی چاہئے جِس کا دوسروں پر بُرا اثر پڑ رہا ہو۔

Etiquettes of Food:

- A lot of food is wasted during these days. It is generally a good

practice to take only so much in the plate as you can finish and thus waste nothing. Teach the same to your children. We should not be guilty of bad manners that may affect others.

نمازوں کے متعلق ہدایات

❁ جلسہ کے ایام بالخصوص ذکر الٰہی کرتے اور درود پڑھتے ہوئے گزاریں اور التزام کے ساتھ نمازوں کی پابندی کریں۔ اِتنی دُور سے مہمان تشریف لائے ہیں تو اگر نمازیں بھی نہ پڑھیں اور اُن کی پابندی نہ کی تو پھر فائدہ کوئی نہیں ہوگا۔ اِسی طرح انتظامیہ کے لئے لنگر خانہ میں یا ایسی ڈیوٹیاں جہاں سے ہلنا اُن کے لئے مشکل ہے وہاں نماز کی ادائیگی کا انتظام ہونا چاہئے۔ اُن کے افسران کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ اِس بات کا خیال رکھیں۔

Directions regarding the Namaz:

• Jalsa days should be spent in the remembrance of Allah, reciting 'Durood' (invoking blessings of Allah upon His Holy Prophet) and regular performance of Salat. The guests have come from far and wide. If they do not perform Salat regularly and at their appointed times, they will lose the real purpose of their coming to Jalsa. Similarly, in such places as the kitchen where it is difficult for the worker to leave, arrangements should be made so that they can perform their Salat in their place of duty. This is the responsibility of those who are In Charge of those areas.

عورتوں کے لئے ہدایات

❁ لباس مناسب اور ڈھکے ہوئے ہونے چاہئیں

لباس مناسب اور ڈھکے ہوئے ہونے چاہئیں۔ بعض کے لباس کے بارے میں شکایات آتی ہیں کہ ایسے ہوتے ہیں جس سے کسی طرح بھی کسی احمدی عورت کا تقدّس ظاہر نہیں ہو رہا ہوتا۔ پس لباس وہ ہو جو زینت کو چھپانے والا ہو اور اس کے لئے اللہ تعالیٰ نے رہنمائی فرمادی کہ تقویٰ پر چلتے ہوئے جو لباس تم زیب تن کرو گے، وہی تمہاری زینت چھُپانے والا لباس ہے۔

Garments should be suitable and covered:

• The garments should be suitable and covered. There are

complaints that the garments of some ladies are such that they do not exhibit the sanctity of an Ahmadi woman. So, the garments should be such that they cover the beauty. Allah the Exalted guided that the garments which you wear in accordance to Taqwa shall be the garments covering your beauty.

دُعاؤں اور صدقات کی تحریک

❁ سب سے اہم دُعا ہے۔ دُعاؤں پر زور دیں۔ جلسہ پر آتے بھی اور جاتے بھی۔ دُعاؤں سے سفر شروع کریں اور سفر کے دَوران بھی دُعائیں کرتے رہیں۔

(بحوالہ خطبہ جمعہ فرمودہ خلیفۃ المسیح الخامس 18/ جولائی 2003ء)

Tahrik for Prayers:

• Most important are supplications and prayers. Remember to put great emphasis on your prayers, when starting your journey, coming to Jalsa and during travels.

(Based on Friday Sermon 18th July 2003)

❁ اللہ تعالیٰ کے فضلوں اور انعاموں میں سے جو ہمیں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بیعت میں آکر ملے ایک یہ بھی ہے اور یہ بہت بڑا فضل اور انعام ہے جو ہمیں جلسہ سالانہ کی صورت میں مل رہا ہے تا کہ ہم اپنی روحانی اور اخلاقی اور علمی بہتری کے لئے کوشش کر سکیں۔ اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے اور تقویٰ میں بڑھنے کے سامان کر سکیں۔ ایک دوسرے کے حقوق ادا کرنے کے لئے اپنے دلوں کو صاف کریں اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے جلسے کے قیام کے مقصد کو پورا کرنے کی کوشش کر سکیں۔ آپس میں رنجشوں اور دوریوں کو صلح اور قرب میں بدلنے کی کوشش کریں۔ اپنے آپ کو لغویات سے پاک کرنے کی کوشش کریں۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے یہ تمام باتیں جلسہ کے انعقاد کے مقصد میں بیان فرمائی ہیں۔" (خطبہ جمعہ جولائی 2023ء بر موقع جلسہ سالانہ جرمنی)

❁ Huzoor (May Allah be his Helper) said: One of the greatest blessings and favours of Allah that we have received after pledging allegiance to the Promised Mesisah[as] is the institution Jalsa Salana, which provides us the means for our spiritual, moral and intellectual growth, and enables us to attain Allah's nearness and to progress in piety. It also helps us to purify our own hearts, thus we are able to fulfil our obligations towards others and to fulfil the purpose for which the Promised Messiah[as] started the institution of Jalsa Salana. (Friday Sermon 5 July 2023, Jalsa Salana Germany)

❁ ”آخر میں، میں دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ آپ کے جلسہ کو نمایاں کامیابی عطا کرے اور آپ کو اپنے ایمان کو مضبوط اور تازہ کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو نیکی، تقویٰ اور طہارت میں بڑھنے، اسلام احمدیت اور انسانیت کی خدمت کیلئے اپنی زندگیوں میں حقیقی تبدیلی پیدا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ اللہ تعالیٰ آپ سب پر فضل فرمائے۔“ (الفضل انٹرنیشنل 6/ مئی 2011ء)

❁ In the end, I pray that Allah Ta'ala grant your Jalsa great success and grant you the ability to strengthen and refresh your faith. May Allah Ta'ala grant you the ability to grow in righteousness, piety and purity, and to create real change in your lives for the service of Islam Ahmadiyyat and humanity. May Allah Ta'ala bless you all. (Al Fazl International May 6th, 2011)

❁ مہمانان کرام اور کارکنان سے توقع کی جاتی ہے کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام اور حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ارشادات کو بار بار پڑھیں اور اپنی روحانی ترقی میں اضافہ کرتے جائیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو خلافت احمدیہ کے ساتھ وابستہ رکھے اور خلافت کا حق ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

قادیان میں قیام کے دوران مہمانان کرام سے درج ذیل امور کو مدّ نظر رکھنے کی درخواست ہے۔

❁ It is expected from the Guests and Workers to read the afore-mentioned sayings of Hazrat Masih Mau'udas and Hazrat Khalifatul Masihatba repeatedly and increase their spiritual level. May Allah the Exalted make us associated with Khilafat-e-Ahmadiyya and enable us to fulfil our duties towards Khilafat. During the stay at Qadian, kindly take into account the following points:-

❁ بہشتی مقبرہ مزار مبارک پر دُعا کرتے ہوئے، اسلامی مسنون طریق اختیار کرتے ہوئے، ہاتھ اُٹھا کر دعا کرنی چاہئے، کوئی غیر اسلامی مشرکانہ حرکت نہ کریں۔ مثلاً قبروں سے مٹی اٹھانا۔ پھول ڈالنا وغیرہ۔

❁ Don't use Cigarette, Bidi, Gutka, etc., within the vicinity of Guest-houses and Roads.

❁ قادیان میں مرکزی مساجد مسجد مبارک اور مسجد اقصیٰ کے علاوہ مختلف محلّوں میں مساجد ہیں جہاں نماز باجماعت کا انتظام ہے۔ مہمانان کرام اپنی سہولت کے مطابق قریب کی مسجد میں نماز باجماعت ادا کر سکتے ہیں۔ مسجد مبارک اور مسجد اقصیٰ میں فرض نمازوں کے علاوہ دیگر اوقات میں آکر نوافل ادا کئے جا سکتے ہیں۔

❁ There are mosques in different Zones of Qadian besides Masjid Mubarak & Masjid Aqsa where congregational prayers are offered. Guests can offer their prayers according to their convenience in a neighbouring Mosque.

بازار کے متعلق ہدایات

❁ ایک ضروری ہدایت یہ ہے کہ بازار جلسہ کے دَوران بند رہیں گے۔مہمان بھی اِس بات کا خیال رکھیں کہ جن لوگوں نے دُکانیں بنائی ہوئی ہیں یا سٹال لگائے ہیں اُن کو مجبور نہ کریں کہ اِس دَوران دُکانیں کھولیں یا آپ وہاں بیٹھے رہیں۔

Advice regarding Bazaar:

❁ Another important matter to note is that the Bazaar remains closed during the Jalsa proceedings. The guests should be aware of this and not force the shop owners to open their shops for them or sit there.

ویزا کے بارہ میں ہدایات

❁ یہاں قیام کے دَوران ملکی قوانین کی بھی پوری پاسداری کریں، پوری پابندی کریں اور بالخصوص ویزا کی میعاد ختم ہونے سے پہلے پہلے ضرور واپس تشریف لے جائیں اور جس مقام کا ویزا ہے اُسکے علاوہ کسی دوسری جگہ نہ جائیں۔ دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ سفر وحضر میں آپ کا اور ہم سب کا حافظ و ناصر رہے۔ آمین!

❁ Directions regarding Visa:

Please observe the laws of this country during your stay here. Make sure that you leave this country before your visit-visa expires. Those who obtained the visa to come to Jalsa must utilise the entry clearance for the Jalsa alone strictly.

May Allah the Exalted keep us all safe. Amin!

از نظامت تربیت جلسہ سالانہ 2025ء

Nizamat Tarbiyyat, Jalsa Salana Qadian 2025

Necessary instructions for Participants of Jalsa Salana Qadian 2025

from Office Jalsa Salana

A Welcome gift is presented to all exteemed guests attending Jalsa Salana Qadian 2025. May Allah Almighty grant all of us the opportunity to benefit from this spiritual feast, Aameen.

The following guidelines are requested to be observed:-

1. Get your registration done as soon as you reach Qadian.
2. Keep all kinds of valuables like cash, jewelry and mobile phones with you instead of keeping those in the accommodation and especially foreign guests are requested to be careful while exchanging currency. Be aware of the risk of theft and loss.
3. Foreign friends should always carry their passports, mobile phones and necessary documents with them.
4. Always keep your registration card in your pocket and show it on demand anywhere.
5. Guests are requested to approch the nearest marquee from their accommodation for daily meals.
6. Meet your guests at the appointed place of hospitality and do not bring any stranger to the accommodation.
7. If the officer *Mehman Nawaz* asks you for any kind of voluntary service, then cooperate with him.
8. Do not leave your accommodation unnecessarily at night.
9. Do not touch any abandoned object but inform the concerned authorities.
10. Keep your accommodation clean. Use the equipment in the accommodation carefully.
11. Write your address in the pockets of your young children and tie it tightly.
12. After Maghrib and Isha prayers, ladies should not go alone to Market, instead they should accompany their Mehram men and finish shopping by 08:30 pm. Shopping can be done conveniently during the day hours before and after the three days of Jalsa. Guests should strictly follow this instruction.
13. Proceedings of the Jalsa will start at 10 am. So you must reach the Jalsa Gah by 9:00 am after finishing the necessities. Checking also takes time, please cooperate with the designated staff on checking.
14. Avoid cross-talk in the Jalsa Gah, listen to the speeches carefully and keep reciting Durood Sharif.

Hafiz Makhdoom Sharif
Officer Jalsa Salana Qadian

جلسہ سالانہ
قادیان